# 01-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست کی یوم تاسیس کے موقع پر کل سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ میدان میں منعقدہ اہم تقریب میں چیف منسٹر حصہ لیتے ہوئے پرچم کشائی انجام دیں گے۔

۲۔ریاست کی یوم تاسیس کے موقع پر تلنگانہ حکومت کی جانب سے پولیس سیوا پتھکم کا اعلان کیا گیا ہے۔

۳۔نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ قبائیلیوں کی فلاح و بہبود، ترقی اور ان کی عزت نفس کو حکومت کی جانب سے ترجیح دی جارہی ہے۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات کے مطابق دونوں تلگوریاستوں میں اگلے تین دنوں کے دوران بعض مقامات پر بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

## Seva Pathakam

ریاست کی یوم تاسیس کے موقع پر تلنگانہ حکومت کی جانب سے پولیس سیوا پتھکم کا اعلان کیا گیا ہے۔اس سلسلہ میں محکمہ داخلہ کے پرنسپل سکریٹری روی گپتا نے احکامات جاری کیئے۔محکمہ پولیس میں خدمات انجام دینے والے گرے ہاونڈس سے وابستہ 9 ملازمین پولیس کا شوریا پتھکم کیلئے انتخاب کیا گیا ہے۔16 ملازمین پولیس کو مہوانتا سیوا پتھکم، 92 کو اتم سیوا پتھکم، 47 کو کٹھنا سیوا پتھکم اور 461 ملازمین کو سیوا پتھکم سے نوازا جائے گا۔اسی طرح محکمہ انسدادِ رشوت ستانی سے وابستہ ایک ملازم پولیس کو مہوانتا سیوا، چار کو انتا سیوا اور 17 سیوا پتھکم دیا جائے گا۔ وجلنس اینڈ انفورسمنٹ محکمہ کے ایک ملازم پولیس کو اتم سیوا جبکہ پانچ کو سیوا پتھکم حاصل ہوئے۔ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ فائر سرویس محکمہ سے دو ملازمین پولیس کا شوریا پتھکم، ایک کا مہوانتا پتھکم، تین کا اتما سیوا پتھکم اور 14 کا سیوا پتھکم کیلئے انتخاب کیا گیا ہے۔اسپیشل پروٹیکشن فورس نے ایک ملازم کو مہوانتا سیوا، تین کو اتم سیوا اور 15 سیوا پتھکم دینے کا حکومت نے اعلان کیا ہے۔

## Phone Tapping

فون ٹیاپنگ کیس میں ایک اہم پیشرفت ہوئی ہے۔اس کیس کے ملزم ریٹائرڈ آئی پی ایس عہدیدار ٹی پربھاکر راؤ اس

مہینہ کی 5 تاریخ کو ایس آئی ٹی کے روبرو حاضر ہوں گے۔ سپریم کورٹ نے انہیں حال ہی میں ہندوستان واپس ہونے کی ہدایت دی جس کے پیش نظر وہ وطن واپس ہونے والے ہیں۔ پربھاکر راؤ نے سپریم کورٹ میں ایک انڈرٹیکنگ لیٹر حوالہ کیا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ وہ تحقیقات میں تعاون کریں گے۔ ون ٹائم انٹری پاسپورٹ حاصل ہوتے ہی وہ ہندوستان واپس ہوں گے۔

Dist. Fit India Sunday

3 جون کو عالمی یوم سیکل کے موقع پر آصف آباد کاغذ نگر میں فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس موقع پر ضلع مستقر کے اسپورٹس اسکول میدان سے منعقدہ سائیکل ریالی کو آر ایس آئی راجیش نے جھنڈی دکھائی۔ کاغذ نگر میں ڈی ایس پی کرونا کرنے جھنڈی دکھا کر ریالی کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سائیکل کے ذریعہ مکمل صحتمند رہنے کے ساتھ ساتھ یہ ماحولیات کے تحفظ کیلئے بھی سود مند ہے۔

Anganwadi

آنگن واڑی ورکرس یونین لیڈر سپنا نے آنگن واڑی میں وظیفہ پر سبکدوش ہونے کی عمر میں 65 سال کا اضافہ کرتے ہوئے ریاستی حکومت کی جانب سے لئے گئے فیصلہ پر مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ٹیچرس کے وظیفہ پر سبکدوشی پر دو لاکھ روپے، آیاؤں کے وظیفہ پر سبکدوش ہونے پر ایک لاکھ روپے کے اضافہ کے ساتھ ساتھ آنگن واڑی کو گرمائی تعطیلات دینے جیسے فیصلوں کا وہ خیر مقدم کرتے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت کی توقعات کے مطابق وہ ذمہ داری کے ساتھ وہ اپنے فرائض انجام دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچوں اور زچہ خواتین کو درکار تغذیہ بخش غذا کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی صحت کے تحفظ کے لئے مسلسل اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے حکومت سے اسی طرز پر ان تمام سے تعاون کی خواہش کی ہے۔

Sound Byte Sapana

Girijan Welfare

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ قبائلیوں کی فلاح و بہبود، ترقی اور ان کی عزت نفس کو حکومت کی جانب سے ترجیح دی جا رہی ہے۔ ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے کینر سانی میں منعقدہ متحدہ کھمم ضلع آدی واسی کارکنوں کے اجلاس اور تربیتی کلاسس کے اختتام کی تقریب سے انہوں نے خطاب کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ راجیو یوا وکاسم اسکیم

کے تحت قبائلیوں کیلئے ایک ہزار کروڑ روپے مختص کئے جارہے ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ ایس ٹی سب پلان کے فنڈس گریجنوں پر ہی خرچ کئے جارہے ہیں۔تاحال اس کے لئے 17 ہزار 169 کروڑ مختص کئے گئے ہیں۔اسی طرح اراضیات نہ رکھنے والے ایس ٹی طبقہ کے افراد کو 6.70 لاکھ ایکر سابق میں کانگریس حکومت نے تقسیم کئے تھے جبکہ سابق بی آر ایس حکومت نے اس پر کام میں رکاوٹیں حائل کیں۔نائب وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ قبائلیوں کی اراضیات کو آبپاشی کیلئے اندرا ساؤرا گری جلاو کاسم اسکیم کا آغاز کیا گیا۔اس کے لئے 12500 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

Palm Oil

ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم میں پام آئیل کی کاشت کے ساتھ ساتھ روایتی فصلوں کی کاشت پر ضلع کے محکمہ باغبانی کے عہدیدار خصوصی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں۔کسانوں میں شعور بیداری کیلئے اجلاس منعقد کرتے ہوئے کیلے، جام، پوپئی جیسے پھلوں کی کاشت میں اضافہ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔اسی طرح مختلف اقسام کی ترکاریوں کی کاشت کیلئے کسانوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔ضلع کے محکمہ باغبانی کے عہدیدار کشور نے آکاش وانی کو کسانوں کو فراہم کی جانے والی تربیت،شعور بیداری پروگرام اور روایتی طریقہ سے کاشت سے متعلق تفصیلات سے واقف کروایا۔

Sound Byte Kishor

Slot Booking

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی واضح کیا کہ کل سے ریاست کے تمام سب رجسٹرار دفاتر میں اراضیات کے رجسٹریشن کیلئے سلاٹ بکنگ خدمات دستیاب رہیں گیں۔انہوں نے کہا کہ تاحال 47 مقامات پر اس طریقہ کار پر عمل کیا جارہا ہے بقیہ 97 مقامات پر اس کا آغاز کیا جائے گا۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ اس طریقہ کار کے ثمر آور نتائج برآمد ہورہے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ رجسٹریشن کے عمل میں بتدریج اضافہ کا امکان ہے۔

Seeds Distribution

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ ریاست کی یوم تاسیس کے موقع پر کل سے پروفیسر جے شنکر اگریکلچر یونیورسٹی کی جانب سے فروغ دئے گئے بیج کسانوں میں تقسیم کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ منتخب کردہ کسانوں کو پانچ فصلوں کیلئے بیج تقسیم کئے جائیں گے۔ ریاستی وزیر کے مطابق وزرا اور عوامی نمائندوں کے ہاتھوں 11 ہزار مواضعات میں 40 ہزار افراد میں بیجوں کی تقسیم عمل میں آئے گی۔

Kavita Letter

بی آر ایس رکن قانون ساز کونسل کویتا نے جی ایچ ایم سی میں مانسون ایمرجنسی ٹیمس کے ٹنڈرس منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔اس سلسلہ میں انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو ایک مکتوب روانہ کیا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ جی ایچ ایم سی موسم برسات کے کاموں کے ٹنڈرس میں بدعنوانیاں ہوئی ہیں۔بعض عہدیدار بعض اداروں کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں۔کویتا نے مکتوب میں کہا کہ ایک ادارہ میں دو ایجنسیز کو فائدہ پہنچانے کے مقصد سے فوائد میں تبدیلی کی گئی ہے جس کی وجہ سے جی ایچ ایم سی پر ہر سال 5.85 کروڑ کا زائد بوجھ عائد ہوگا۔

Singareni

سنگارینی نے 2025-26ء کے دوران کوئلہ کی پیداوار میں سال کے پہلے ماہ کے دوران 95 فیصد اور ماہ مئی میں 104 فیصد پیداوار کا نشانہ حاصل کیا ہے۔ سنگارینی میں پانچ علاقوں میں صد فیصد کوئلہ کی پیداوار کا نشانہ مکمل ہوا ہے۔ راما گنڈم 2 ،راما گنڈم 3 ،شری رام پور،منوگورو،کوتہ گوڑم علاقوں میں کوئلہ کی ماہانہ پیداوار کا نشانہ حاصل کیا گیا۔مئی کے مہینہ میں 134 فیصد کوئلہ کی پیداوار حاصل کرتے ہوئے راما گنڈم 2 ایریا سنگارینی میں سرفہرست رہا۔120 فیصد کے نشانہ کو حاصل کرتے ہوئے مَنو گورو نے دوسرا مقام صل کیا۔کوتہ گوڑم ایریا 107 فیصد کے ساتھ تیسرے،شری رام پور، راما گنڈم 3 علاقے صد فیصد پیداوار کے ساتھ چوتھے مقام پر ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق دونوں تلگو ریاستوں میں اگلے تین دنوں کے دوران بعض مقامات پر بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔اسی دوران فی گھنٹہ 40 تا 50 کلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی۔ دوسری جانب مانسون سرگرم ہونے کی وجہ سے تا حال کئی علاقوں میں بارش ہورہی ہے۔

Rains

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ گریٹر حیدرآباد میں موسم برسات کے دوران درپیش مسائل کی یکسوئی کیلئے منصوبہ بندی تیار کی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس کے لئے رین ٹیموں کو تیار رکھا گیا ہے۔ بارش کے دوران کہیں بھی پانی جمع نہ ہوں اور ڈرینج کے سسٹم کو اور بھی بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ شہر میں کہیں بھی ٹرافک جام نہ ہوں اس کے لئے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں۔

TS Formation Day

سکندرآباد پریڈگراونڈ میں کل ریاست کی یوم تاسیس کے پیش نظر منعقد ہونے والی تقریب کے لئے انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی پرچم کشائی انجام دیں گے۔ وزرااور دیگر عوامی نمائندے تمام ضلع مستقر میں تقاریب میں شرکت کریں گے۔